سوال

(05) سورۃ فاتحہ کا امام کے پیچھے ان الفاظ سے پڑھنا رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا ہو کہ ہر نماز میں امام کے پیچھے فاتحہ پڑھا کرو۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورۃ فاتحہ کا امام کے پیچھے پڑھنا، ان الفاظ میں ثابت کر دیا جائے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو یہ ارشاد فرمایا ہو کہ امام کے پیچھے ہر نماز میں سورہ فاتحہ پڑھا کرو؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب القرأۃ بیہقی صفحہ نمبر ۴۷ میں یہ حدیث ہے۔ لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب خلف الامام یعنی جو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں۔ ’’لیجیے جن الفاظ کا آپ نے سوال کیا ہے ان سے بھی یہ سخت ہیں، کیوں کہ آپ نے امر کا سوال کیا ہے اور یہاں سرے سے نماز ہی کی نفی ہے؟

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 111

محدث فتویٰ